# Regional Urdu Text Bulletin, Chhatrapati Sambhajinagar

Date: 05 August-2025

Time: 09:00-09:10 am

## آکاشوانی چھترپتی سمبھاجی نگر

علاقائی خبریں

تاریخ: ۵/اگست ۲۰۲۵ء

وقت: ۹:۰۰-۹:۱۰

***** ***** *****

### ::::::سرخیاں::::::

پیش ہے خاص خبروں کی سرخیاں:

☆ ریاست میں مقامی خودمختار اداروں کے انتخابات او. بی سی. ریزرویشن کے ساتھ ہوں گے: عدالتی فیصلے کے بعد وزیرِ اعلیٰ کا اعلان۔

☆ پارلیمنٹ کے کام کاج میں رخنہ اندازی کے پیشِ نظر آج نئی دہلی میں حکمراں این ڈی اے کا اجلاس۔

☆ جھارکھنڈ مکتی مورچہ کے بانی اور جھارکھنڈ کے سابق وزیرِ اعلیٰ شیبو سورین چل بسے۔

☆ وزیرِ اعظم کے ''پرکشا پہ چرچا 2025'' پروگرام کا گنیز بک میں اندراج۔

اور۔۔۔☆ اوول ٹیسٹ میں سنسنی خیز کامیابی حاصل کرکے بھارت اینڈرسن-ٹینڈولکر سیریز ڈراء کرنے میں کامیاب۔

***** ***** *****

اب خبریں تفصیل سے:

مقامی خودمختار اداروں کے وارڈز کی تشکیل اور اس میں او بی سی ریزرویشن کو چیلنج کرنے والی درخواست عدالتِ عظمیٰ نے مسترد کر دی ہے۔ عدالت نے واضح طور پر کہا ہے کہ یہ انتخابات نئی وارڈ بندی اور او بی سی ریزرویشن کے ساتھ ہی ہوں گے۔ اس سلسلے میں وزیرِ اعلیٰ دیویندر پھڑنویس نے کہا ہے کہ اس عدالتی فیصلے کے بعد اب تمام اضلاع میں او بی سی ریزرویشن لاگو رہے گا۔

دریں اثناء وزیرِ اعلیٰ نے وضاحت کی ہے کہ ریاست میں مراٹھی اور غیر مراٹھی کا کوئی تنازعہ نہیں ہے۔ انھوں نے کہا کہ ریاست کے مراٹھی اور غیر مراٹھی دونوں باشندے محفوظ ہیں اور ایک دوسرے کے ساتھ رہ رہے ہیں۔ کچھ عناصر ان کے درمیان جان بوجھ کر تنازعہ کھڑا کرنے کی کوشش کر رہے ہیں اور انتخابات میں عوام ان کا مقام بتا دیں گے۔

***** ***** *****

وزیرِ اعظم نریندر مودی کی زیرِ صدارت آج نئی دہلی میں حکمراں قومی جمہوری اتحاد کا اجلاس ہوگا۔ بہار میں فہرستِ رائے دہندگان کی جانچ کے موضوع پر حزبِ اختلاف کی جانب سے پارلیمانی کارروائی میں رخنہ اندازی کے پیشِ نظر یہ اجلاس طلب کیا گیا ہے۔ کل لوک سبھا میں قومی کھیل انتظامی بل اور ڈوپنگ کنٹرول ترمیمی بل مسلسل ہنگامہ آرائی کے باعث بحث کیلئے پیش نہ ہو سکے۔

***** ***** *****

جھارکھنڈ مکتی مورچہ کے بانی اور جھارکھنڈ کے سابق وزیرِ اعلیٰ شیبو سورین طویل علالت کے بعد کل نئی دہلی میں چل بسے۔ وہ 81 برس کے تھے۔ علیحدہ جھارکھنڈ ریاست کے قیام کیلئے انھوں نے طویل اور کامیاب جدوجہد کی۔ بعدازاں وہ تین بار جھارکھنڈ کے وزیرِ اعلیٰ بنے۔ سورین تین مرتبہ لوک سبھا کے اور دو مرتبہ راجیہ سبھا کے رُکن رہے۔ یو پی اے حکومت کے پہلے دورِ اقتدار میں انھوں نے کوئلے کے وزیر کی حیثیت سے ذمہ داری نبھائی تھی۔ صدرِ جمہوریہ دروپدی مُرمو اور وزیرِ اعظم نریندر مودی نے شیبو سورین کا آخری دیدار کر کے انھیں خراجِ عقیدت پیش کیا۔ مہاراشٹر کے گورنر سی پی رادھا کرشنن اور دیگر اہم شخصیات نے بھی سماجی رابطے پر تعزیتی پیغامات جاری کیے ہیں۔

***** ***** *****

چین کے ساتھ 2020 میں گلوان وادی میں ہوئی محاذ آرائی کے دوران ہندوستانی مسلح افواج سے متعلق لوک سبھا میں قائدِ حزبِ اختلاف راہل گاندھی کے بیان پر عدالتِ عظمیٰ نے ناراضی کا اظہار کیا ہے۔ جسٹس دیپانکر دتا اور جسٹس اے جی مسیح پر مشتمل بینچ نے کہا کہ اپوزیشن لیڈر کی حیثیت سے راہل گاندھی کو اس طرح کے مسائل سماجی رابطے پر نہیں بلکہ لوک سبھا میں اٹھانا چاہیے۔ چین کے بھارت کی دو ہزار مربع کلومیٹرز مین پر قبضہ کرنے کے راہل گاندھی کے بیان پر بھی عدالت نے سوال اٹھایا۔

***** ***** *****

وزیرِ اعظم نریندر مودی ''پرِ کشا پہ چرچا 2025'' پروگرام کو گنیز بک آف ریکارڈ میں درج کر لیا گیا ہے۔ اس پروگرام کی آٹھویں قسط کیلئے مائی جی او وی پلیٹ فارم پر تین کروڑ 53 لاکھ افراد نے اپنے ناموں کا اندراج کیا تھا۔ اس کو ایک ماہ میں سب سے زیادہ عوامی شرکت کے پروگرام کی حیثیت سے گنیز بک میں شامل کیا گیا ہے۔ کل نئی دہلی میں اس ضمن میں ایک سرٹیفکیٹ مرکزی وزیرِ تعلیم دھرمیندر پردھان کو دیا گیا۔

***** ***** *****

نائب وزیرِ اعلیٰ ایکناتھ شندے نے کہا ہے کہ گذشتہ ڈھائی برسوں میں ہنگولی ضلع کے مختلف ترقیاتی کاموں کیلئے دو ہزار 600 کروڑ روپئے جاری کیے گئے ہیں اور مستقبل میں بھی فنڈز کی قلت نہیں ہونے دی جائیگی۔ ہنگولی کے گاندھی چوک میں منعقدہ کاوڑ یاترا مہوتسو سمیتی کی جانب سے یاترا کے اختتامی پروگرام سے نائب وزیرِ اعلیٰ خطاب کر رہے تھے۔ اسی دوران کل کاوڑ یاترا پورے جوش وخروش سے نکالی گئی۔ کلمنوری کے چنچا ڑیشور مہادیو مندر سے ہنگولی تک 18 کلومیٹر طویل اس یاترا میں بڑی تعداد میں شیو بھکتوں نے شرکت کی۔

***** ***** *****

## یہ خبریں آکاشوانی چھترپتی سمبھاجی نگر سے نشر کی جا رہی ہیں۔

***** ***** *****

اینڈرسن - ٹینڈولکر ٹیسٹ سیریز کا پانچواں اور آخری کرکٹ ٹیسٹ میچ چھ رن سے جیت کر بھارت نے سیریز ڈراء کرنے میں کامیابی حاصل کر لی ہے۔ اوول ٹیسٹ کے کل آخری دن بھارتی ٹیم کے دیئے گئے ہدف کے تعاقب میں میزبان ٹیم 367 رن بنا کر آؤٹ ہوگئی۔ انگلینڈ کو جیت کیلئے سات رنوں کی ضرورت تھی، تب محمد سراج نے گس اٹکنسن کو آؤٹ کر کے ٹیم کو فتح سے ہمکنار کیا۔ اس ٹیسٹ میں شاندار گیند بازی کا مظاہرہ کرتے ہوئے پانچ وکٹ حاصل کرنے والے سراج کو مین آف دی میچ قرار دیا گیا۔ سیریز میں 754 رن بنانے والے ہندوستانی کپتان شبھمن گِل اور دو سنچریاں بنانے والے انگلینڈ کے ہیری بروک کو مشترکہ طور پر مین آف دی سیریز قرار دیا گیا۔

***** ***** *****

دھاراشیو کے سرکاری آیوروید کالج کے ریسرچ اسکالر شبھم دھوت کو صدرِ جمہوریہ دَروپدی مُرمو نے یومِ آزادی تقاریب میں شرکت کا خصوصی دعوت نامہ ارسال کیا ہے۔ شبھم دھوت وِیہاماتڈ وادیہات کا ساکن ہے اور وہ ہیموفیلیاء کے موضوع پر کالج کے ڈین ڈاکٹر این ایس گنگا ساگرے کی رہنمائی میں تحقیق کررہے ہیں۔ صدرِ جمہوریہ کی جانب سے بھیجے گئے دعوت نامے پر مسرت کا اظہار کرتے ہوئے دھوت نے بتایا کہ ہیموفیلیاء کے موضوع پر آیوروید میں کی جارہی یہ پہلی تحقیق ہے۔

***** ***** *****

آئندہ 7 تاریخ سے بیڑ ضلع میں ’سبز بیڑ‘ شجرکاری مہم شروع کی جارہی ہے۔ اس مہم کے تحت ایک ہی دن میں 30 لاکھ اور سال بھر میں ایک کروڑ پودے لگائے جائیں گے۔ شہریوں سے اس مہم میں شرکت کرنے کی اپیل ضلع کلکٹر ویویک جانسن نے کی ہے۔ انھوں نے بتایا کہ 7 اگست کو نائب وزیرِ اعلیٰ اور ضلع کے رابطہ وزیر اجیت پوار کے ہاتھوں کھنڈیشوری مندر کے احاطے میں اس مہم کا افتتاح عمل میں آئے گا۔

***** ***** *****

منریگا کے تحت دھاراشیو ضلع میں ناقابلِ کاشت زمین پر چارے کی کاشت شروع کی جارہی ہے۔ اس کیلئے ضلع کلکٹر کیرتی کرن پجار کی ہدایت کے مطابق تعلقہ سطح پر کمیٹی تشکیل دی گئی ہے۔ تحصیلدار‘ زون آفیسر‘ محکمۂ جنگلات‘ سوشل فاریسٹری اور محکمۂ تحفظِ مویشیان کے اشتراک سے یہ کاشت کی جارہی ہے۔

***** ***** *****

تلجاپور میں تلجا بھوانی ماتا کے چھترپتی شیواجی مہاراج کو آشیرواد دینے کے 108 فٹ اونچے مجسّمے کی عنقریب تنصیب کی جائے گی۔ اس سلسلے میں ریاست کے آرٹ ڈائریکٹوریٹ نے ملک بھر کے مجسمہ سازوں سے مجسّموں کے نمونے طلب کرنے کا عمل شروع کیا ہے۔ یہ اطلاع رکنِ اسمبلی راناجگجیت سنگھ پاٹل نے دی۔ وہ کل ممبئی میں تلجاپور کے ترقیاتی کاموں کے جائزہ اجلاس سے خطاب کررہے تھے۔

***** ***** *****

چھترپتی سمبھاجی نگر میں غیر قانونی تجاوزات کو ہٹانے کی مہم کل بھی جاری رہی۔ کل شہر کے نارے گاؤں علاقے میں پونے دو سو تجاوزات زمین دوز کردی گئیں۔ یہ انہدامی کارروائی آج بھی جاری رہے گی۔ کل والوج صنعتی علاقوں میں بھی تجاوزات ہٹائے گئے۔

***** ***** *****

چھترپتی سمبھاجی نگر ضلع میں جنوری تا جولائی کے دوران خسرے کے تین اور روبیلا عارضے کا شکار پانچ مریض پائے گئے۔ ضلع پریشد کے طبّی افسر ڈاکٹر ابھئے دھانورکر نے عوام کو ترغیب دی ہے کہ اگر اس طرح کے مریضوں کی موجودگی سامنے آئے تو احتیاط کریں۔

***** ***** *****

::::::سرخیاں::::::

**آخر میں اس بلیٹن کی خاص خبریں ایک بار پھر:**

- ☆ ریاست میں مقامی خود مختار اداروں کے انتخابات او. بی.سی. ریزرویشن کے ساتھ ہوں گے: عدالتی فیصلے کے بعد وزیرِ اعلیٰ کا اعلان۔
- ☆ پارلیمنٹ کے کام کاج میں رخنہ اندازی کے پیشِ نظر آج نئی دہلی میں حکمراں این ڈی اے کا اجلاس۔
- ☆ جھارکھنڈ مکتی مورچہ کے بانی اور جھارکھنڈ کے سابق وزیرِ اعلیٰ شیبو سورین چل بسے۔
- ☆ وزیرِ اعظم کے ''پرکشا پہ چرچا 2025'' پروگرام کا گنیز بک میں اندراج۔

اور۔۔۔☆ اوول ٹیسٹ میں سنسنی خیز کامیابی حاصل کر کے بھارت اینڈرسن-ٹینڈولکر سیریز ڈراء کرنے میں کامیاب۔

***** ***** *****

**اس کے ساتھ ہی علاقائی خبریں ختم ہوئیں۔**

ان خبروں کو آپ AIR چھتر پتی سمبھا جی نگر یوٹیوب چینل، پر دوبارہ کسی بھی وقت سن سکتے ہیں۔

***** ***** *****